# روشن پیکجز لمیٹڈ

**اولین مقصد:**

ہم جدید اور جمالیاتی طور پر مربوط پیکجنگ کی سہولیات فراہم کرنے میں لیڈر بننا چاہتے ہیں تا کہ اپنے گاہکوں کے اہم کاروباری امور کو فعال بنا سکیں۔

**مشن:**

ہمارا مشن اپنے گاہکوں کو جدید پیکجنگ مصنوعات اور ان کا حل فراہم کر کے خوش کرنا اور کارپوریٹ گورننس کے اصولوں کو برقرار رکھتے ہوئے اسٹیک ہولڈرز کے لیے بہترین منافع کی کوشش کرنا۔

**اقدار:**

اچھی طرح سے محفوظ، بہترین طریقے

☆ ملکیت اور صاف مالی

☆ مسلسل ترقی کا فروغ

☆ خدم خوش اخلاقی کے ساتھ

☆ ذاتی ترقی پر توجہ

☆ ایمانداری پر عزم

☆ سیکھتے رہنے کا عزم

☆ ملازمین کے لیے دیانتداری

**خالد اعجاز قریشی**

خالد اعجاز قریشی روشن گروپ کے پھل برآمد کرنے والی کمپنی روشن انٹر پرائز ز کی قیادت کر رہے ہیں اور ایگرو ایکسپورٹ پراسیسنگ زون (کراچی، سندھ) میں کنوینز کے فرائض بھی سرانجام دے رہے ہیں۔ اپنے کیریئر کے آغاز پر انھوں نے مختلف شعبوں جیسا کہ پرنٹنگ، پبلشنگ اور امپورٹ/ایکسپورٹ میں کام کیا۔ وہ اپنے مقرر کردہ اہداف کے حصول کے لیے ایک تخلیقی طریقہ کار سے کام کرتے ہیں۔

خالد صاحب نے اپنے وسیع تجربے کے ساتھ، تازہ مصنوعات کی صنعت کی ترویج کے لیے نئی ٹیکنالوجی، ابھرتی ہوئی منڈیوں کی دریافت کے رجحان اور تخلیق اور ترقی میں سرمایہ کاری کر کے مثالیں قائم کی ہیں۔ آپ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، آل پاکستان فروٹ اینڈ ڈ یجیٹیبل مرچنٹ ایسوسی ایشن اور غیر ملکی این جی اوز کے علاوہ کئی کمیٹیوں کے رکن ہیں۔

ان تخلیقی، اصولوں پر مبنی اور متحرک قیادت کے تحت روشن گروپ نے پاکستان میں تیزی سے بڑھتے ہوئے اداروں میں ایک اہم مقام حاصل کر لیا ہے۔

**طیب اعجاز قریشی**

طیب اعجاز ایک بزنس گریجوایٹ ہیں ہیں جنھوں نے اپنے پیشہ ورانہ کیریئر کا آغاز روشن گروپ سے کیا۔آپ روشن پیکجز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹوآفیسر کے طور پر کام کررہے ہیں۔آپ PAMCO جو کہ پنجاب ایگری مارکیٹنگ کا ادارہ ہے کہ تین سال تک بانی ڈائریکٹر بھی رہے۔اپنی متحرک پیشہ ورانہ تاریخ میں انھوں نے بہت سے بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر پاکستان ہارٹیکچر کے شعبہ میں پیکجنگ کی صنعت کی طرف سے نمائندگی کرتے ہوئے شمولیت اختیار کی۔

طیب صاحب گاہک اور فراہم کنندگان کے ساتھ اسٹریٹیجک شراکت داری کو مضبوط بنانے پر زور دیتے ہیں۔انھوں نے اپنی پیکیجنگ مصنوعات کی بڑھوتری کے لیے پیکجنگ کے جدید ترین حل کے فراہم کنندہ کے طور پر ادارے کے کاروباری ماڈل کو بہترین بنایا۔انھوں نے کاروبار کی توسیع اور ادارے کی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے میں بنیادی کردار ادا کیا اور جدت،طریقہ کار اور اعلیٰ درجے کی ٹیکنالوجی کے ذریعے پیداوار کو بڑھایا ہے۔آپ پیکجنگ انڈسٹری کا بخوبی ادراک اور قومی اور بین الاقوامی معیشت پر گہری نظر رکھتے ہیں۔

طیب اعجاز ماہنامہ اُردو ڈائجسٹ کے ایگزیکٹو ایڈیٹر ہیں اور حالات حاضرہ کے مستند تجزیہ کار اور مصنف ہیں۔آپ سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تاحیات رکن ہیں اور انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کی پیپر اینڈ بورڈ کمیٹی کے رکن ہیں۔آپ سندر انڈسٹریل لاہور کے بورڈ آف منیجمنٹ کے ایگزیکٹو رکن بھی رہے ہیں۔طیب صاحب OPEN(آرگنائزیشن آف پاکستان انٹرپرینیئر آف نارتھ امریکا،لاہور چیپٹر) کے بانی رکن بھی ہیں۔

طیب اعجاز روشن سن تاؤ پیپر ملز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ڈائریکٹر بھی ہیں۔

**سعادت اعجاز**

سعادت اعجاز روشن پیکجز کے شعبہ سیلز اینڈ مارکیٹنگ کے ڈائریکٹر ہیں۔انھوں نے ادارے کو حکمت عملی ترتیب دینے میں مدد دی اور پیکجنگ انڈسٹری کی مصنوعات اور سروسز کی درجہ بندی کی۔سیلز اینڈ مارکیٹنگ کے شعبے کی قیادت کے دوران انتہائی ناساز حالات کے باوجود اپنی ٹیم کو زبردست نتائج حاصل کرنے پر ابھارا ہے۔سعادت صاحب نے یہ یقینی بناتے ہوئے کہ ہر چیز پیکجنگ انڈسٹری کے بین الاقوامی معیار کے مطابق ہو ملک کے اندر ادارے کی سیل اور پروڈکشن نیٹ ورک کے لیے کافی اہم کردار ادا کیا۔ادارے کی کامیابی کے پیچھے ان کا کردار سب سے نمایاں ہے۔انھوں نے ترقی اور توسیع کی نئی بلندیوں تک پہنچنے میں ادارے کی مدد کی۔آپ پھل،سبزیوں اور دیگر جلد خراب ہوجانے والی اشیاء کی سپلائی میں ایک سند کی حیثیت رکھتے ہیں۔

سعادت اعجاز نے پاکستان ہارٹیکچر ڈویلپمنٹ اینڈ ایسکسپورٹ بورڈ (PHDEB) میں بطور چیئرمین دو سال اپنے فرائض سرانجام دیے اور تقریباً دس سلا تک اس ادارے سے بطور رکن منسلک رہے۔آپ روشن انٹرپرئزز کے ڈائریکٹر ہیں جو کہ مشرق وسطیٰ،وسطی ایشیا امریکا اور یورپ کو پھلوں کا ایک معروف برآمد کنندہ ہے۔آپ روشن سن تاؤ پیپر ملز کے بورڈ آف کامرسز کے بھی رکن ہیں۔

**عائشہ مصدق حامد**

مسز عائشہ حامد لاہور کے ایک معزز اور پڑھے لکھے خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔آپ مختلف اداروں مثلاً اوپن لاہور،ٹی آئی،اسلام آباد،اے پی بی ایف، جی اے سی اے،اے بی ایف،ای ٹی بی پی،ایم اے پی،بابا گورونانک یونیورسٹی،گندھارا انٹرنیشنل میلینیم ویلفیئر سوسائٹی،کے ڈبلیوسی اور اے سی ایس سی میں بطور صدر،چارٹرڈ ممبر،جنرل سیکرٹری اور بورڈ ممبر کے خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔

**قاسم اعجاز**

قاسم اعجاز روشن انٹرپرئزز کے ڈائریکٹر پروڈکشن کے طور پر 1988ء سے اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔آپ پروڈکشن،پبلی کیشن،پرنٹنگ اور برآمدات کے شعبوں میں 30 سال سے زائد تجربہ کے حامل ہیں۔آپ نے اپنے کیریئر کا آغاز 1984ء میں پبلی کیشن کے شعبہ سے کیا روشن انٹرپرائزز کے

ساتھ 1988ء میں بطور ڈائریکٹر پروڈکشن منسلک ہوئے جہاں وہ زرعی مصنوعات کی پیداوار اور برآمد کی نگرانی کرتے ہیں۔

قاسم اعجاز 1984ء میں فارمین کریسچن کالج لاہور سے اکنامکس اور سیاسیات کے شعبے میں گریجوایشن کی۔ آپ سرگودھا چیمبر آف کامرس کے رکن ہیں۔ انھوں نے بہت سفر کیا اور مختلف اعلیٰ پروفائل کی تربیتوں اور بین الاقوامی نمائشوں میں شرکت کی۔ آپ سپلائی چین، کولڈ اسٹور مینجمنٹ اور تازہ زرعی مصنوعات کو طبی طور پر الگ الگ رکھنے کے تمام پہلوؤں سے آشنا ہیں۔ انھوں نے حکومتی اداروں اور بین الاقوامی این جی اوز کی طرف سے منعقدہ مختلف ورکشاپس میں عملی طور پر حصہ لیا ہے تاکہ ایس پی ایس کی تعمیل کے لیے زیادہ سے زیادہ آگاہی حاصل ہو اور ادارے کے گاہکوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مصنوعات کے معیار کی مزید بہتر بنایا جاسکے۔

**ذکی اعجاز**

ذکی اعجاز روشن پیکجز لمیٹڈ کے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ٹیکنیکل شعبے کی سربراہی کرتے ہوئے آپ پلانٹ کی تنصیب، منصوبہ سازی سے وجود میں آنے تک اور کوالٹی مینجمنٹ تک سارے معاملے میں پیش پیش رہے ہیں۔ انھوں نے بہت سے منصوبوں کی آزادانہ طور پر قیادت کے دوران حکمت عملی اور منصوبے کے تجزیہ کار کے طور پر اپنی صلاحیتوں کو نکھارا ہے اور بڑے پیمانے پر بڑے منصوبوں کی فراہمی کا وسیع تجربہ حاصل کیا ہے۔ ان کی ترقیاتی کام کروانے اور ان کے انتظام کی مہارت وسیع پیمانے پر تسلیم کی جاتی ہے۔ آپ نگرانی اور پیشہ ورانہ تربیتی پروگراموں کے ذریعے ٹیم سازی میں گہری دلچسپی لیتے ہیں۔

ذکی اعجاز سندر انڈسٹریل ویلفیئر ایسوسی ایشن جنرل ہیں اور روشن پرائزز اور روشن سن تاؤ پیپرز ملز پرائیویٹ لمیٹڈ کے ڈائریکٹر ہیں۔ آپ نے پاکستان انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سے سپلائی چین مینجمنٹ، ایڈوانس مینجمنٹ اور انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن سے مینجمنٹ فیملی بزنس کے ڈپلومے حاصل کیے ہیں۔

**محمد نوید طارق**

نوید طارق انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ آف پاکستان کی طرف سے ایک پیشہ ورانہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ 20 سال سے زائد تجربہ کے حامل ہیں۔ آپ نے ''کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی'' سے اپنے پیشہ ورانہ کام کا آغاز کیا اور فی الحال آربٹ ڈویلپرز اینڈ اسٹیج مارکٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ بحیثیت شراکت دار/ ڈائریکٹر فنانس منسلک ہیں۔

نوید صاحب پیچیدہ مالیاتی ٹرانزیکشن جن کی مالیت 193 ملین امریکی ڈالر سے زائد ہے کی ہدایات اور انتظام کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ ان کا تجربہ اعلیٰ سطح اقتصادی اور پالیسی تجزیوں سے لے کر آپریشنل مینجمنٹ اور منصوبہ بندی، ڈیزائن اور عمل درآمد کے مالیاتی جائزے پر محیط ہے۔ ان کا صنعتی علم اور مارکیٹ میں ان کا وسیع تجربہ انھیں کسی بھی منصوبے پر زیادہ جامع نقطہ نظر کی اہلیت دیتا ہے۔ ان کی بنیادی صلاحیتوں میں اداروں کا ٹیکس ایفی شنٹ، انضمام، حصول، اسٹریٹیجک مالیاتی منصوبہ بندی، ابتدائی عوامی پیشکش اور ٹی ایف سی کے اہداف اور قابل تحریف غیر ملکی بانڈز شامل ہیں۔

**ادارے کا نام:** روشن پیکجز لمیٹڈ

**حالت:** پبلک لمیٹڈ کمپنی

**سی یو آئی این:** 0044226

**این ٹی این:** 1436951-6

**ایس ٹی آر این:** 03-01-4819-303-73

**بورڈ آف ڈائریکٹرز**

**خالد اعجاز قریشی**

چیئرمین

**طیب اعجاز**

چیف ایگزیکٹو آفیسر

**سعادت اعجاز**

ایگزیکٹو ڈائریکٹر

**عائشہ مصدق حامد**

انڈیپنڈنٹ نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

**قاسم اعجاز**

نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

**ذکی اعجاز**

نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

**محمد نوید طارق**

انڈیپنڈنٹ نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

**کمپنی سیکرٹری**

رابعہ شریف۔اے سی اے

چیف فنانشل آفیسر (سی ایف او)

محمد عادل۔ایف سی ایم اے

**ٹیکس کنسلٹنٹ**

اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی

رجسٹرڈ دفتر

G-III--325، ایم اے جوہر ٹاؤن، لاہور۔

فون نمبر 35290731-42-92+

فیکس: 35290731-42-91+

**فیکٹری**

کوروگیشن: 7 کلومیٹر سندر رائے ونڈ روڈ، بالمقابل گیٹ نمبر 1، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ

فلیکسیبل: پلاٹ نمبر 142، 141 اور 142-B، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ، لاہور۔

**شیئر رجسٹرار**

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ۔

سی ڈی ہاؤس، 99-B، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس۔

مین شاہراہ فیصل کراچی۔74400

**قانونی آڈیٹر**

ای وائے فورڈ روڈز چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ

ہیڈ آف انٹرنل آڈٹ

فائزہ خالد۔اے سی اے

**قانونی مشیر**

زاہد عرفان

**بینکرز**

حبیب بینک لمیٹڈ

ایم سی بی بینک لمیٹڈ

یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ

دبئی اسلامک بینک لمیٹڈ

میزان بینک لمیٹڈ

عسکری بینک لمیٹڈ

جے ایس بینک لمیٹڈ

بینک اسلامک لمیٹڈ

بینک آف پنجاب لمیٹڈ

الائیڈ بینک لمیٹڈ

**اسٹاک سمبل**

آر پی ایل (RPL)

**ویب سائٹ**

www.roshanpackages.com.pk

سرمایہ کاروں کے لیے شکایات فارم

**رابطے کے لیے**

رابعہ شریف

**کمپنی سیکریٹری**

فون نمبر 38-35290734-42-92+

ای میل: corporte@roshanpackages.com.pk

ایس ای سی پی سرمایہ کاروں کے شکایات فارم کے لیے یہاں کلک کیجیے۔

پاکستان اسٹاک ایکسچینج۔ www.psx.com.pk

## مالیاتی گوشوارے

- ☆ 2019ء کا سالانہ مالیاتی جائزہ
- ☆ 2019ء کی تیسری سہ ماہی کا مالیاتی جائزہ
- ☆ 2019ء کی دوسری سہ ماہی کا مالیاتی جائزہ
- ☆ 2019ء کی پہلی سہ ماہی کا مالیاتی جائزہ

- ☆ 2018ء کا سالانہ مالیاتی جائزہ
- ☆ 2018ء کی تیسری سہ ماہی کا مالیاتی جائزہ
- ☆ 2018ء کی دوسری سہ ماہی کا مالیاتی جائزہ
- ☆ 2018ء کی پہلی سہ ماہی کا مالیاتی جائزہ

- ☆ 2017ء کا سالانہ مالیاتی جائزہ
- ☆ 2017ء کا سالانہ تیسری سہ ماہی کا مالیاتی جائزہ
- ☆ 2017ء کی دوسری سہ ماہی کا مالیاتی جائزہ محدود جائزہ کے بغیر
- ☆ 2016ء کا مالیاتی جائزہ
- ☆ چھے سالہ مالیاتی خلاصہ

## سرمایہ کار کی شکایت کے لیے فارم

اگر آپ کے پاس سرمایہ کاری سے متعلق معاملات کے بارے میں کوئی سوال یا تبصرے ہیں تو آپ ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں یا اپنے سوال کے ساتھ درج ذیل فارم پُر کر کے جمع کروا سکتے ہیں۔

آپ کا نام (ضروری ہے)

آپ کی ای میل (ضروری ہے)

فون (ضروری ہے)

آپ کا پیغام

بھیجیے

رابطے کے لیے

محترمہ رابعہ شریف
کمپنی سیکریٹری
ایس ای سی پی سرمایہ کاروں کا شکایت فارم